افکار و تاثرات

○ بنگلہ دیش میں قادیانیوں کا تعاقب
○ ڈنمارک میں قادیانی سرگرمیاں
○ الحق، شاندار ماضی اور روشن مستقبل
○ مطبوعہ مضامین اور قارئین کے تاثرات

بنگلہ دیش میں قادیانیت کا تعاقب

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام اسپیڈ بال انڈور کرکٹ سنٹر بریڈ فورڈ نمبر ۵ (برطانیہ) مورخہ ۱۲ اکتوبر ۱۹۹۰ء بروز اتوار چھٹی سالانہ ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی جس میں بنگلہ دیش میں قادیانیت کے فروغ کے سدِّ باب پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اجلاس میں منظور کی جانے والی قراردادوں کا متن درج ذیل ہے۔

○ یہ اجتماع حکومت بنگلہ دیش میں قادیانی سرگرمیوں پر سخت تشویش کا اظہار کرتا ہے چونکہ بنگلہ دیش مسلمانوں کا ملک ہے اور وہاں پچانوے (۹۵) فیصد مسلمان بستے ہیں اور مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت کرنا وہاں کی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ لہذا بنگلہ دیش کی حکومت کو چاہیئے کہ مسلمانوں کے مطالبہ کو تسلیم کرتے ہوئے قادیانیوں کو بنگلہ دیش میں غیر مسلم قرار دیا جائے۔ اور ان کی سرگرمیوں پر پابندی عائد کی جائے۔ اس کے علاوہ حال ہی میں قادیانیوں نے بنگلہ دیش میں جو قرآن کا ترجمہ شائع کیا ہے وہ تحریف سے پُر ہے۔ اس لیئے یہ اجتماع مطالبہ کرتا ہے کہ حکومتِ بنگلہ دیش اس تحریف شدہ ترجمہ پر فوری طور پر پابندی عائد کرے۔

○ یہ اجتماع برطانیہ میں قائم بنگلہ دیشی تنظیموں، مساجد کمیٹیوں کے ذمہ داروں سے درخواست کرتا ہے کہ بنگلہ دیش میں جاری قادیانی سرگرمیوں کا نوٹس لیں اور حکومتِ بنگلہ دیش کو احتجاجی مراسلات و ٹیلی گرام کے ذریعہ اپنے غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے بنگلہ دیش حکومت پر دباؤ ڈالیں کہ وہ قادیانی سرگرمیوں پر پابندی لگائے اور تحریف شدہ ترجمہ قرآن پر پابندی لگا کر بنگلہ دیش میں قادیانیوں کو آئینی طور پر غیر مسلم اقلیت قرار دینے کا اعلان کرے۔ (عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لندن)

ڈنمارک میں قادیانی سرگرمیاں

چند ہفتے قبل ڈنمارک جانا ہوا تو وہاں کے حالات سن کر بڑی حیرانگی ہوئی کہ ہر گھر اور گلی کوچے میں مرتد غلام احمد